Jubilee
LIFE INSURANCE



# SECURE LIFE PLAN

سکیور لائف پلان

آپ کا خاندان آپ کیلئے بہت اہم ہے۔ وہی آپ کی خوشیاں، آپ کا مان اور آپ کی کُل کائنات ہے۔ یہ غیر مشروط رشتہ آپ کی زندگی کو معنی دیتا ہے اور آپ اپنے پیاروں کو بہترین زندگی فراہم کرنے کی جدوجہد میں مصروف رہتے ہیں۔ اُن کے مستقبل کو تحفّظ فراہم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ہر اچھے بُرے وقت میں اُن کے ساتھ ہیں چاہے خوشحالی ہو یا مشکلات، چاہے صحت ہو یا بیماری۔ ان کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے آپ کو ایسی سرمایہ کاری اور حفاظتی حکمت عملی چاہیے جو ان کو مالیاتی تحفظ اور آرام دہ کل کی ضمانت دے چاہے حالات کچھ بھی ہوں۔

**Jubilee Life کا 'سکیور لائف پلان'** آپ کے خاندان کو مکمل مالی تحفّظ فراہم کرتا ہے اور آپ کو یہ اختیار دیتا ہے کہ آپ اپنی ضروریات کے مطابق اس پلان کو ترتیب دے سکتے ہیں۔ یہ پلان آپ کو ایک ایسا حل فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے آپ اپنے خاندان کی ناقابلِ گرفت صورتحال میں مختلف اخراجات اور دیگر غیر یقینی حالات کا بہتر طور پر مقابلہ کر سکتے ہیں۔

**Jubilee Life پیش کرتے ہیں سکیور لائف پلان۔** بیمۂ زندگی کے تحفظ کے ساتھ یہ سیونگز پلان آپ کو باقاعدگی کے ساتھ بچت کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے تاکہ نہ صرف آپ مالی تحفظ کی ضمانت بلکہ اپنی زندگی کے مختلف عزائم کی تکمیل کر سکیں۔

## سکیور لائف پلان کیا ہے؟

سکیور لائف پلان ایک Unit linked whole life پلان ہے جو خاص طور پر اثاثوں کو (پیسوں کی شکل میں) باقاعدگی کی بنیاد پر جمع کرتا ہے جب آپ بیمہ زندگی کے تحفظ کے ساتھ لطف اندوز بھی ہو رہے ہوتے ہیں۔ پلان کے ذریعے جمع کی گئی رقم بچوں کی تعلیم اور شادی، مکان کی خریداری، کاروبار میں وسعت، ریٹائرمنٹ کے بعد آمدنی اور دیگر مقاصد میں استعمال کی جاسکتی ہے۔

## سکیور لائف پلان ہی کیوں؟

- ✓ اپنے مالی فرائض کی منصوبہ بندی اپنی مرضی سے کریں
- ✓ خود ہی فیصلہ کریں کہ کیسے سرمایہ کاری کریں
- ✓ سرمایہ کاری کو بہترین حکمت عملی سے بڑھائیں
- ✓ سرمایہ کاری کو Ad hoc premium کے ذریعے مزید بڑھائیں
- ✓ یقینی ڈیتھ بینیفٹ پروٹیکشن سے فائدہ اُٹھائیں
- ✓ بیمہ کی رقم کے ساتھ ساتھ اضافی فوائد کے ذریعے اپنی لائف انشورنس میں اضافہ کریں
- ✓ مہنگائی کا مقابلہ کریں
- ✓ پلان کو مزید جاری رکھنے پر اضافی units حاصل کریں

## تحفّظ

سیکور لائف پلان آپ کے خاندان کیلیئے بیمہ زندگی کا یقینی تحفّظ فراہم کرتا ہے جب آپ اپنے عزائم کی تکمیل کیلیئے بچت کر رہے ہوتے ہیں۔

خدانخواستہ اگر آپ پلان کی مدّت کے دوران انتقال کر جاتے ہیں تو آپ کے اہل خانہ کو بیمے کی رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) اِن میں سے جو بھی زیادہ ہو حاصل ہوگی۔

## Add-on فوائد

سکیور لائف پلان آپ کو آپ کے بیمہ کے متعلق خاص ضروریات کے لحاظ سے پلان کو تشکیل دینے کا اختیار بھی دیتا ہے۔ آپ درج ذیل Add-on فوائد حاصل کر سکتے ہیں:۔

- **پریمیئم کی معافی**

  خدانخواستہ اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے پچھلے 6 ماہ سے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام نہیں دے سکتے ہیں تو اس رائڈر کے تحت Jubilee Life آپ کا اگلا پریمیئم اپنی جانب سے ادا کرے گی۔

- **حادثاتی موت اور معذوری بینیفٹ**

  خدانخواستہ کسی حادثے کے نتیجے میں اگر آپ کی موت واقع ہوجاتی ہے یا آپ کو معذوری کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو ایسی صورت میں اس رائڈر کے تحت آپ کو بیمہ کی رقم کے علاوہ اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

- **فیملی انکم بینیفٹ**

  اس رائڈر کے تحت آپ کی موت کی صورت میں آپ کے اہلِ خانہ کو اپنا معقول معیارِ زندگی برقرار رکھنے کیلیئے ایک اضافی باقاعدہ آمدنی کی فراہمی بھی شروع کر دی جاتی ہے۔

- **حادثاتی موت بینیفٹ**

  اگر خدانخواستہ کسی حادثے کے نتیجے میں آپ کی موت واقع ہوجاتی ہے تو اس بینیفٹ کے تحت آپ کے اہلِ خانہ کو بیمہ کرائی گئی رقم کے علاوہ اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

- **مستقل / کلّی معذوری بینیفٹ**

  مستقل / کلّی معذوری کی صورت میں آپ کو آپ کی بیمہ کرائی ہوئی رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) (جو بھی زیادہ ہو) قبل از وقت ہی ادا کر دی جائے گی۔

- **ہسپتال کیش بینیفٹ**

  یہ بینیفٹ آپ کو روزانہ اس صورت میں ملے گا کہ جب خدانخواستہ آپ کسی بیماری کی وجہ سے

ہسپتال میں داخل ہوئے ہوں۔ اگر آپ 18 مخصوص خطرناک بیماریوں کے نتیجے میں ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں تو یہ بینیفٹ دُگنا ہوجائے گا۔آئی سی یو میں جانے کی صورت میں 50% اضافی بینیفٹ بھی ادا کیا جائے گا۔اس بینیفٹ کے تحت آپ اپنی بیوی اور بچوں کو بھی کور کرا سکتے ہیں۔

## خطرناک بیماری بینیفٹ

اگر آپ کو خدانخواستہ 18 مخصوص خطرناک بیماریوں میں سے کسی ایک کی بھی تشخیص ہوجائے تو آپ کی بیمہ کرائی گئی رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) (جو بھی زیادہ ہو) موت سے قبل ہی ادا کر دی جائے گی۔

آپ مندرجہ بالا فوائداضافی پریمیئم کی ادائیگی کے ذریعے حاصل کرسکتے ہیں یا آپ کی کیش ویلیو (Cash Value) / یونٹ اکاؤنٹ سے ایک رائڈ چارج کی کٹوتی کے ذریعے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

## اثاثوں کی انتظام کاری

آپ کا اداشدہ پریمیئم آپ کی مرضی کے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے لگایا جاتا ہے اور یونٹس کو فنڈ کی قیمت کے لحاظ سے مختص کر دیا جاتا ہے۔آپ کی پالیسی کی قیمت یونٹس کی کُل قیمت کے برابر ہوتی ہے جو کہ آپ فنڈ میں رکھتے ہیں۔

ہمارے ماہر انویسٹمنٹ مینجرز اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کے فنڈ کی گروتھ میں کم سے کم رسک کے ساتھ اضافہ ہو۔

## سرمایہ کاری کے آپشنز

Jubilee Life کی جانب سے فی الوقت مندرجہ ذیل چار فنڈز پیش کیے جارہے ہیں۔آپ اپنی ضرورت کے لحاظ سے پوری سرمایہ کاری کسی ایک فنڈ یا ان چاروں فنڈز میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مینجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔ |

## آپ کی سرمایہ کاری کیلئے لچکدار انتظام کاری

ہم آپ کی سرمایہ کاری کیلئے لچکدار انتظام کاری کی سہولت بھی پیش کرتے ہیں۔ آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ کیلئے مخصوص کر سکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کو مختلف حصوں میں تقسیم کر کے دستیاب فنڈز میں الگ الگ مختص کر سکتے ہیں۔ نتیجتاً فنڈز کی کارکردگی پر انحصار کرتے ہوئے آپ مختلف فنڈز میں منتقل ہو سکتے ہیں۔ ہم ہر پالیسی سال کے دوران 4 مفت منتقلی کی اجازت دیتے ہیں۔ پانچویں منتقلی پر چارجز لاگو ہونگے جو کیش ویلیو (Cash Value) / یونٹ اکاؤنٹ سے منتقلی سے پہلے ہی کاٹ لیے جائیں گے۔

## سرمایہ کاری میں اضافہ

آپ کے پاس فاضل رقوم کسی بھی مرحلے پر دستیاب ہو سکتی ہیں۔ آپ اپنی باضابطہ سرمایہ کاری میں اس پلان کے تحت ایڈ ہاک پریمیئم کی ادائیگیوں کے ذریعے اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہ رقوم اس وقت کی جاری قیمت پر یونٹ اکاؤنٹ میں لگائی جائیں گی۔

## مہنگائی سے مقابلہ

افراطِ زر کے پیشِ نظر آپ کے بیمہ کی رقم اور پریمیئم آپ کی سرمایہ کاری کی رقم کے ساتھ ہر سال ازخود بڑھتی رہے گی جو کسی میڈیکل تفتیش کے بغیر ہی کمپنی کی جانب سے مختص کی گئی حدود کے اندر بڑھے گی۔ تاہم آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ اس اضافے کو چاہیں تو تسلیم نہ کریں اور پلان کو انہی شرائط وضوابط پر قائم رکھیں جیسے وہ پہلے تھا یا اپنی ضروریات کے مطابق کم تر اضافے کا انتخاب کریں۔

## کنٹینیوٹی بونس

اگر آپ اپنے پلان کو 6 سال تک جاری رکھتے ہیں (بغیر کسی وقفے کے) تو اس صورت میں آپ 'کنٹینیوٹی بونس' کے حقدار ہو جائیں گے۔ یہ اضافہ ایکسٹرا یونٹس کی صورت میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں جمع ہو جائے گا۔ کنٹینیوٹی بونس کے ذریعے آپ کی سرمایہ کاری کی گروتھ میں زیادہ تیزی سے اضافہ ہوگا۔

## پلان کی تکمیل سے پہلے پیسوں کی ادائیگی

اس پلان کے تحت آپ اپنے فنڈز (کلّی یا جزوی طور پر) کیش کرانے کے اہل ہیں بشرطیکہ آپ نے دو سال تک کا پریمیئم ادا کر رکھا ہے۔

- **جزوی بُھنائی۔** اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں لیکن پالیسی ختم کرنا نہیں چاہتے تو آپ کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو (Cash Value) بُھنائی کے بعد 20 ہزار روپے یا اُس سے زیادہ ہو۔ (باقی ماندہ کیش ویلیو (Cash Value) کی رقم پر کمپنی ازسرِنو غور کر سکتی ہے)۔

- **پالیسی کا مکمل خاتمہ**۔ پالیسی کے دو سال کی تکمیل کے بعد (بشرطیکہ اُس کا مکمل پریمیئم ادا کر دیا گیا ہو) آپ اپنی پالیسی ختم کر سکتے ہیں۔ خاتمے کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو (Cash Value) ادا کر دی جائیگی تاہم پالیسی کے ابتدائی برسوں میں کیش ویلیو (Cash Value) کم ہو سکتی ہے۔

## فوائد کی وضاحت

| فرض کریں: | |
|---|---|
| پلان کے آغاز پر عمر | 35 سال |
| منتخب میعاد | 30 سال |
| سالانہ بنیادی پلان پریمیئم | -/100,000 روپے |
| بیمہ کردہ کل رقم | -/2,500,000 روپے |

## مستقبل کی متوقع کیش ویلیوز (Cash Values) Surrender

| سالانہ سرمایہ کاری کی واپسی | 7% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 9% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 11% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پالیسی سال | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو |
| 10 | Rs. 3,878,000 | Rs. 1,305,000 | Rs. 3,878,000 | Rs. 1,438,000 | Rs. 3,878,000 | Rs. 1,584,000 |
| 20 | Rs. 6,317,000 | Rs. 4,564,000 | Rs. 6,317,000 | Rs. 5,633,000 | Rs. 6,982,000 | Rs. 6,982,000 |
| 30 | Rs. 11,742,000 | Rs. 11,742,000 | Rs. 16,243,000 | Rs. 16,243,000 | Rs. 22,490,000 | Rs. 22,490,000 |
| 35 | Rs. 15,267,000 | Rs. 15,267,000 | Rs. 23,236,000 | Rs. 23,236,000 | Rs. 35,317,000 | Rs. 35,317,000 |

## اہم ترین:

- بیمہ شدہ رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) میں سے جو بھی زیادہ ہو ڈیتھ بینیفٹ ہوتا ہے۔ وضاحتی مقصد کیلئے فرض کیا جاتا ہے کہ موت سال کے آخر میں واقع ہوتی ہے۔
- ابتدائی دو سالوں میں کوئی بھی سرینڈر ویلیو نہیں ہوئی۔ 2 سال کے بعد یہ پالیسی کی کیش ویلیو (Cash Value) کے برابر ہوگی۔
- بیمہ شدہ رقم اور سالانہ بنیادی پریمیئم کی رقم پر 5% سالانہ کے حساب سے انڈیکسیشن کی جاتی ہے۔
- مندرجہ بالا خاکہ میں دی گئی ویلیوز فرضی بنیاد پر تیار کی گئی ہیں اور اصل ویلیوز اس سے کم یا زیادہ ہوسکی ہیں۔

## دیگر معلومات

### یہ پراڈکٹ کون خرید سکتا ہے؟

وہ افراد جن کی عمریں 18 سے 65 سال کے درمیان ہوں یہ پراڈکٹ خرید سکتے ہیں۔

## پریمیئم اور ادائیگیاں

بنیادی پلان کے پریمیئم کی رقم -/30,000 روپے سالانہ ہے۔ پریمیئم کی ادائیگی بذریعہ کراس چیکس، ڈیمانڈ ڈرافٹس یا پے آرڈرز کی جاسکتی ہیں۔ تمام نمایاں کریڈٹ کارڈز بھی قبول کیے جاتے ہیں۔

## کیش ویلیو (Cash Value)

کیش ویلیو (Cash Value) یونٹ اکاؤنٹ کی مالیت کے برابر ہے جو یونٹ اکاؤنٹ میں موجود یونٹس کی تعداد کو قابلِ اطلاق بِڈ پرائس سے ضرب دینے پر حاصل ہوتی ہے۔

## بیمہ کردہ رقم (Sum Assured)

موت کی صورت میں ملنے والی لازم کردہ بیمہ کی رقم Sum Assured ہے۔

## یونٹس کی ایلوکیشن

سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا گیا بنیادی پلان پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہوگا:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن |
|---|---|
| 1 | 20% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4اور زائد | 100% |

## کنٹینیوٹی بونس

بیمہ پالیسی کے پریمیئم کی مناسبت سے ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن کا تناسب درج ذیل ہوگا:

| پالیسی کا سال | ایکسٹرا ایلوکیشن |
|---|---|
| 6 اور زائد | 3% |

یہ ایکسٹرا ایلوکیشن یونٹس کی بنیادی ایلوکیشن کے علاوہ ہے۔

## دیگر چارجز*

ابتدائی برسوں میں رعایتی ایلوکیشن کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز بھی پلان پر عائد کیے جائیں گے:

| | |
|---|---|
| بِڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5 فی صد |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5 فی صد سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن فیس | 55 روپے ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارجز | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہوگی |
| پالیسی فیس | پریمیئم پیمنٹ کے مطابق تبدیل ہوتی رہے گی |

* کمپنی تمام چارجز پر از سرِ نو غور کر سکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ (Free Look Period)

Jubilee Life 14 دن کا فری لُک عرصہ فراہم کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو اپنی پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی تحریری درخواست پر پالیسی دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 دن کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔ Jubilee Life کے پاس طبّی معائنے پر اٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ ہے۔

یہ بروشر 'سکیور لائف پلان' کا عمومی خاکہ فراہم کرتا ہے۔ پلان اور اضافی فوائد تفصیلی شرائط کے تحت بروئے کار لائے جاتے ہیں جو پالیسی قوانین اور شرائط میں درج ہیں۔



JUBILEELIFE.COM

**Jubilee Life Insurance Company Limited**
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone: (021) 35205095
Fax: (021) 35610959
UAN: (021) 111-111-554 (JLI)
SMS: "JUBILEELIFE" to 8398
Email: info@jubileelife.com,
complaints@jubileelife.com
Website: www.jubileelife.com